
# تعلیم اور سکول کا انتظام

پاکستان میں اسکول جانے والے بچوں کی اکثریت **62%** سرکاری اسکولوں میں زیرِ تعلیم ہے؛ جبکہ پرائیویٹ اسکولوں میں زیرِتعلیم بچوں کا تناسب شہری علاقوں **43%** اور زیادہ تعلیم یافتہ گھرانوں **59%** میں زیادہ پایا گیا۔

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کا بچہ کس قسم کے سکول میں پڑھ رہا ہے؟






*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 2

"پاکستانی بچے کس قسم کے اسکول میں پڑھتے ہیں"

**پاکستان میں اسکول جانے والے بچوں کی اکثریت (62%) سرکاری اسکولوں میں زیرِ تعلیم ہے؛ جبکہ پرائیویٹ اسکولوں میں زیرِ تعلیم بچوں کا تناسب شہری علاقوں (43%) اور زیادہ تعلیم یافتہ گھرانوں (59%) میں زیادہ پایا گیا۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 23 جولائی 2026


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان میں اسکول جانے والے بچوں کی اکثریت (62%) سرکاری اسکولوں میں پڑھتی ہے، جبکہ پرائیویٹ اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنے کا رجحان شہری علاقوں اور زیادہ تعلیم یافتہ والدین کے بچوں میں زیادہ دیکھنے میں آیا ہے۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "بچوں کا اسکول میں داخلہ اور کلاس کے درجات" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اسکول جاتے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کا بچہ کس قسم کے سکول میں پڑھ رہا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 62% جوابدہندگان کے مطابق اُن کے بچے "گورنمنٹ اسکول" میں پڑھتے ہیں، 33% جوابدہندگان کے مطابق اُن کے بچے "پرائیویٹ اسکول" میں پڑھتے ہیں، جبکہ 4% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اُن کے بچے "دینی مدارس" میں پڑھتے ہیں، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے "دیگر" جوابات دیے۔ یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں سرکاری اسکول اب بھی بچوں کی تعلیم کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کا بچہ کس قسم کے سکول میں پڑھ رہا ہے؟**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**شہری–دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** شہری اور دیہی علاقوں میں بچوں کے زیرِ تعلیم اسکولوں کے حوالے سے واضح فرق نظر آتا ہے۔ شہری علاقوں میں، 43% بچے پرائیویٹ اسکولوں میں، جبکہ 53% بچے سرکاری اسکولوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔اس کے برعکس، دیہی علاقوں میں زیادہ تر بچے سرکاری اسکولوں میں زیرِ تعلیم ہیں، جہاں یہ شرح 68% ہے، جبکہ پرائیویٹ اسکولوں میں پڑھنے والے بچوں کی شرح نسبتاً کم، یعنی 27% پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** والدین کی تعلیمی سطح بچوں کے لیے اسکول کے انتخاب پر واضح اثر ڈالتی ہے۔ایف اے یا اس سے زائد تعلیم یافتہ والدین کے بچوں کی اکثریت پرائیویٹ اسکولوں میں پڑھتی ہے (59%)۔اس کے برعکس، ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین کے زیادہ تر بچے سرکاری اسکولوں میں زیرِ تعلیم ہیں (65%)۔دینی مدارس میں پڑھنے والے بچوں کی شرح بھی، کم تعلیم یافتہ والدین میں زیادہ رہی (5%)، جبکہ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں یہ شرح 1% سے بھی کم ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر سروے سے معلوم ہوتا ہے کہ سرکاری اسکول پاکستان کے تعلیمی نظام کی بنیادی حیثیت رکھتے ہیں، جبکہ پرائیویٹ اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنے کا رجحان شہری علاقوں اور زیادہ تعلیم یافتہ گھرانوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔یہ رجحانات تعلیمی سہولیات تک رسائی اور اسکول کے انتخاب میں موجود فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔یہ نتائج پالیسی سازوں کو تعلیمی وسائل اور پروگرام زیادہ مؤثر انداز میں فراہم کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 23 July 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)